© rasailojaraid.com



سے قرآن کریم کو دنیا کی مختلف زبانوں میں ترجمہ کرانے اور تقسیم کرنے کے منصوبہ کی تعریف کی۔ اس تنظیم کا ہیڈ کوارٹر مکہ معظمہ میں ہے۔

(سہ روزہ دعوت، نئی دہلی، ۱۹؍ جنوری ۱۹۹۷ء)

## تہران میں قرآن میوزیم

تہران۔ ایران میں ۲۵؍ فروری کو ایک نئے میوزیم کا افتتاح عمل میں آیا۔ آئی آئی این اے کی خبر کے مطابق اس میوزیم کی خصوصیت یہ ہے کہ وہ صرف قرآن کے لئے مخصوص ہے یہ ایرانی پارلیمنٹ کے قریب بارہ ہزار مربع میٹر کے رقبے پر تعمیر کیا گیا ہے۔ اس میں قرآن کے قدیم ترین مخطوطے بڑی تعداد میں رکھے گئے ہیں۔ خیال ہے کہ نیا میوزیم تاریخ کے مختلف ادوار میں قرآن کی کتابت و طباعت میں ہونے والی ترقی پر روشنی ڈالنے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ (سہ روزہ دعوت نئی دہلی، ۴؍ اپریل ۱۹۹۸ء)

## نابیناؤں کیلئے قرآن شریف کا نیا نسخہ

ریاض۔ سعودی عرب میں نابیناؤں کے لئے قرآن شریف کا ایک نیا نسخہ تیا کیا گیا ہے۔ ریل میں شائع شدہ قرآن شریف کا یہ نسخہ سعودی عرب کے تمام مدرسوں اور تعلیمی اداروں میں نابینا طلبا استعمال کریں گے یہ نسخہ دنیا کے دوسرے ملکوں میں بھی نابیناؤں کے لئے فراہم کیا جائے گا۔ بریل میں قرآن شریف کا جدید ترین نسخہ شاہ فہد قرآن پرنٹنگ کمپلیکس مدینہ منورہ میں تیار کیا گیا ہے۔ (سہ روزہ دعوت، نئی دہلی، ۲۸؍ جنوری ۱۹۹۸ء)

## قرآن مجید انٹرنیٹ پر آگیا

اسلام آباد۔ قرآن مجید دنیا کی جدید ترین ٹیکنالوجی انٹرنیٹ پر آگیا ہے انٹرنیٹ پر قرآن مجید کی کئی سورتیں بھی آتی ہیں لیکن زیادہ انحصار انگریزی تراجم پر کیا گیا ہے۔ انٹرنیٹ پر قرآن مجید کے سات مکمل انگریزی ترجمے آئے ہیں جن میں تین ترجمے انگریزوں نے کئے ہیں ان تراجم کے حصول کے لئے جو ویب سائٹ تجویز کی گئی ہے اس کے مطابق http:/ed-wood.telcom.wvu.edu/2msa/quran.html ہے قرآن کی تفسیروں کے علاوہ مولانا سید ابوالاعلی مودودی کے تحریر کردہ قرآنی سورتوں کے تعارف بھی انٹرنیٹ پر مشاہدے کے لئے پیش کئے گئے ہیں۔ (سہ روزہ دعوت، نئی دہلی، ۴؍ مئی ۱۹۹۸ء)

© rasailojaraid.com